# 23-03-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔تلنگانہ حکومت کے مشیر کے کیشو راؤ نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت کو تمام ریاستوں سے صلاح ومشورے کے بعد ہی حد بندی کے عمل کو آگے بڑھانا چاہیئے۔

۲۔مرکزی مملکتی وزیر بنڈی سنجے نے جی ڈی پی کے تعاون کی بنیاد پر جنوبی ہند کے لئے 36 فیصد پارلیمانی حصہ داری کیلئے اپوزیشن کے مطالبہ کا مذاق اڑایا اور اسے غیر واجبی قرار دیا۔

۳۔بی آر ایس کے کارگذار صدر تارک راما راؤ نے ریاست میں زرعی بحران کیلئے کانگریس حکومت پر تنقید کی۔

اور

۴۔ تلنگانہ میں غیر موسمی بارش اور تیز ہواؤں کی وجہ سے فصلوں کو بھاری نقصان ہوا اور متاثرہ کسانوں نے حکومت سے مدد کی اپیل کی ہے۔

## CM-BHADRACHALAM:

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے آج بھدراچلم سری رامانومی تقریب کا وال پوسٹر جاری کیا۔ انڈومنٹ کی وزیر کونڈا سریکھا اور بھدراچلم سری سیتا راما چندرا سوامی مندر کے پوجاریوں نے حیدرآباد میں وزیر اعلیٰ سے ملاقات کی اور انہیں تہوار میں شرکت کی دعوت دی۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے مندر کی ترقی کے لئے زمین کے حصول اور دوسری تفصیلات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ بھی اس موقع پر موجود تھے۔

## CROP DAMAGE:

تیز ہواؤں کے ساتھ غیر موسمی بارش کی وجہ سے تلنگانہ میں فصلوں کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچا اور متاثرہ کسان معاوضہ کیلئے حکومت کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ پچھلے دو دنوں میں آندھی طوفان سے شمالی تلنگانہ کے ضلع متاثر ہوئے اور دھان، مکئی اور آم کی کھڑی فصلوں کو نقصان پہنچا۔ کچھ دن پہلے آبپاشی کا پانی نہ ہونے اور زیر زمین پانی میں کمی کی وجہ سے بعض ضلعوں میں فصلوں کو نقصان پہنچا لیکن اب غیر موسمی بارش نے کسانوں کی فصلیں تباہ ہوگئی ہیں۔ آم کے کاشتکاروں کو تیز ہواؤں کی وجہ سے بھاری نقصانات ہوئے۔ کئی ضلعوں میں آم کے جھاڑ اکھڑ گئے۔ کسانوں نے بتایا کہ آندھی سے آم کی فصل بری طرح متاثر ہوئی جو تقریباً تیار تھی۔ بعض مقامات پر مارکٹ یارڈس میں بیچنے کیلئے رکھی ہوئی دھان بھی غیر موسمی بارش کی وجہ سے بھیگ گئی۔ سنگاریڈی مارکٹ یارڈ میں دھان اور مکئی کے سینکڑوں تھیلے بارش میں بھیگ گئے جس سے کسانوں کو بھاری

نقصانات ہوئے۔ کاماریڈی ضلع میں غیر موسمی بارش کی وجہ سے مکئی کی فصلیں زیر آب آگئیں۔ متاثرہ کسانوں نے حکومت سے اپیل کی ہے کہ وہ نقصانات کی بھرپائی کرتے ہوئے ان کی مدد کرے۔

TRIBUTES:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج مجاہدین آزادی بھگت سنگھ، راج گرو اور سکھ دیو کوان کی شہادت کے دن زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔ بھگت سنگھ، سکھ دیو اور راج گرو کو 23 مارچ 1931ء کو لاہور جیل میں پھانسی دی گئی تھی۔ آل انڈیا یوتھ فیڈریشن کی طرف سے آصف آباد ضلع ہیڈ کوارٹر میں بھگت سنگھ چوک پر بھگت سنگھ، راج گرو اور سکھ دیو کی 94 ویں برسی منائی گئی۔ ان کی قربانیوں کو یاد کرتے ہوئے ان کی تصویروں پر پھول چڑھائے گئے۔

KISHAN REDDY:

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ حد بندی سے متعلق تمام قوانین کانگریس نے بنائے ہیں۔ حیدرآباد میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے یہ بات صاف کی کہ حد بندی کے طریقہ کار کے بارے میں اب تک کوئی بات چیت نہیں ہوئی ہے اور مرکزی حکومت نے اِس بارے میں کوئی فیصلہ نہیں کیا ہے۔ انہوں نے اپوزیشن پر تنقید کرتے ہوئے الزام لگایا کہ وہ اپنے ناکامیوں کو چھپانے کیلئے غیر اہم مسئلہ کو اچھالتے ہوئے عوام کو گمراہ کر رہی ہے۔ حالیہ چینائی کانفرنس کے بارے میں کشن ریڈی نے الزام لگایا کہ علاقائی پارٹیاں صرف اپنے مفادات کی فکر کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس اور بی آر ایس کے درمیان پرانا اتحاد پھر ظاہر ہو گیا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ مرکزی حکومت جنوبی ریاستوں کے عوام کی بھلائی کی پابند ہے۔ انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ کرناٹک اور تلنگانہ میں آنے والے اسمبلی چناؤ میں بی جے پی حکومت میں آئے گی اور ٹاملناڈو میں بھی اپنے قدم جمائے گی۔

KTR:

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راماراؤ نے الزام لگایا ہے کہ بی جے پی تلنگانہ کے مفادات کی دشمن ہے۔ کریم نگر میں بی آر ایس کارکنوں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے الزام لگایا کہ وزیراعظم وعدے توڑتے ہیں جن میں جَن دھن اکاؤنٹ میں 15 لاکھ روپے جمع کرنے اور ہر سال 2 کروڑ نوکریوں کے موقع پیدا کرنے کے وعدے شامل ہیں۔ انہوں نے حد بندی کے خطروں کے بارے میں خبردار کیا اور الزام لگایا کہ مودی حکومت جنوبی ریاستوں کی ایم پی سیٹوں کو کم کرنے اور شمال کی سیٹوں کو بڑھانے کا منصوبہ بنا رہی ہے جس سے تلنگانہ کو نقصان ہوگا۔ کے ٹی آر نے حکمراں کانگریس پر تنقید کی اور اس پر کسانوں اور بیروزگاروں کو مایوس کرنے کا الزام لگایا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ رعیّتو بندھو فنڈس اور قرض معافی نہ ہونے

کی وجہ سے زرعی مسائل مزید خراب ہو گئے جس سے کسانوں کو جدوجہد کرنا پڑ رہا ہے۔

Soun Byte

انہوں نے یاد دلایا کہ کریم نگر میں تلنگانہ تحریک نے اہم رول ادا کیا تھا۔ اس سلسلہ میں انہوں نے کے سی آر کے 2001ء کے سمہا گرجنا جلسہ عام کو ایک اہم موڑ قرار دیا۔ پارٹی کارکنوں کو متحد رہنے کا مشورہ دیتے ہوئے کے ٹی آر نے بی آر ایس کی 27 اپریل کی ورنگل میٹنگ میں بڑی تعداد میں شرکت پر زور دیا تا کہ پارٹی کی طاقت کا مظاہرہ کیا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ چناؤ میں ناکامی کے باوجود بی آر ایس تلنگانہ کی ترقی کی پابند ہے اور حکومت میں واپسی کرے گی۔

BANDI:

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے کانگریس، بی آر ایس، ڈی ایم کے، عام آدمی پارٹی اور سی پی آئی ایم پر تنقید کرتے ہوئے الزام لگایا کہ وہ حد بندی کی آڑ میں سیاسی ڈرامہ کر رہے ہیں اور خود شراب اسکام میں پھنسے ہوئے ہیں۔کریم نگر میں ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے سنجے نے الزام لگایا کہ اسٹالن کی قیادت والی ٹاملناڈو حکومت نے ایک ہزار کروڑ کا شراب اسکام کیا ہے جس طرح کیرالا اور عام آدمی پارٹی اور بی آر ایس زیر اقتدار ریاستوں میں ہوا ہے۔انہوں نے جی ڈی پی کے تعاون کی بنیاد پر جنوبی ہند کیلئے 36 فیصد پارلیمانی نشستوں کے اپوزیشن کے مطالبہ کا مزاق اڑایا اور اسے غیر واجبی قرار دیا۔

Sound Byte

انہوں نے کہا کہ یہ حد بندی کے عمل کو روکنے کی کوشش ہے۔کانگریس حکومت پر تنقید کرتے ہوئے انہوں نے الزام لگایا کہ وہ اپنے وعدوں کو پورا کرنے میں ناکام رہی ہے۔تنخواہیں دینے میں دیر کر رہی ہے اور تعلیم کے شعبہ میں سدھار کو نظر انداز کر رہے ہیں۔انہوں نے تلنگانہ کو قرض کے جال میں پھنسانے کیلئے کے سی آر کی بی آر ایس پر تنقید کی اور الزام لگایا کہ وہ ماضی میں جعلی کرنسی کے اسکام میں شامل رہی۔

DIED:

ممتاز گاندھیائی 92 سالہ پاسالا کرشنا بھارتی کا آج حیدرآباد میں انتقال ہوگیا۔وہ مغربی گوداوری سے تعلق رکھنے والے مجاہدین آزادی کرشنا مورتی اور انجالکشمی کی بیٹی تھیں۔وہ زندگی بھر گاندھیائی اصولوں پر کاربند رہی اور کئی سماجی سرگرمیوں میں تعاون دیا جن میں تعلیمی اداروں کی مالی مدد شامل ہے۔2022ء میں بھیماورم میں الوری سیتارام اراجو کے مجسمہ کی رونمائی تقریب میں وزیر اعظم نریندر مودی نے کرشنا بھارتی کو اعزاز پیش کیا تھا اور ان کے پیر چھو کر ان کا احترام کیا تھا۔

WEATHER:

محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ تلنگانہ میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران کئی ضلعوں میں گرج چمک کے ساتھ بونداباندی ہوگی اور تیز ہوائیں چلیں گی جس کی رفتار 30 تا40 کلومیٹر فی گھنٹہ ہوگی۔اسی مدد کے دوران کہیں کہیں ہلکی تا اوسط بارش یا گرج چمک کے ساتھ بونداباندی ہوگی۔اگلے دودنوں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت معمول سے کم رہنے کا امکان ہے۔پوری ریاست میں درجہ حرارت میں آہستہ آہستہ اضافہ ہورہا تھا۔

Cropt Loss

جگتیال ضلع میں بارش اور آندھی کی وجہ سے 5529 ایکر پر فصلوں کو بری طرح نقصان پہنچا۔کسان حکومت سے انفرادی بنیاد پر نقصانات کا جائزہ لینے اور معاوضہ فراہم کرنے کی درخواست کررہے ہیں۔

HARISH RAO

سابق وزیر اور رکن اسمبلی ہریش راؤ نے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت ان کسانوں کی فوری مدد کرے جنہیں ریاست میں تیز ہواؤں کی وجہ سے فصل نقصانات کا سامنا کرنا پڑا ہے۔انہوں نے سدی پیٹ ضلع کے نارائن راؤ پیٹ منڈل کے گاؤں لکشمی دیوی پلی میں فصلوں کو ہونے والے نقصانات کا جائزہ لیا۔ ہریش راؤ نے کہا کہ اگر فصل بیمہ ہوتا تو کسانوں کو اس قدر بھاری نقصانات نہیں ہوتے۔

K.K:

تلنگانہ حکومت کے مشیر کے کیشو راؤ نے کہا کہ مرکزی حکومت کو تمام ریاستوں سے صلاح مشورے کے بعد ہی حد بندی کے عمل کو آگے بڑھانا چاہیئے۔میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ میں قانون منظور کرنے کے بعد ہی حد بندی کی جانی چاہیئے۔انہوں نے پارلیمنٹ میں جنوبی ریاستوں کی زیادہ نمائندگی کی خواہش ظاہر کی۔کیشو راؤ نے نشاندہی کی کہ بعض ریاستیں محض اضافی سیٹوں کے لئے نہیں لڑ رہی ہیں بلکہ پارلیمنٹ میں ان کی آواز کو موثر انداز میں اٹھانے کی خواہشمند ہیں۔

PONNAM:

تلنگانہ کے وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے اعلان کیا ہے کہ حکومت ان ڈرائیورس کے ڈرائیونگ لائسنس کو مستقل طور پر برخواست کرنے پر غور کررہی ہے جو پانچ مرتبہ قاعدوں کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایسے لائسنسوں کو بحال نہیں کیا جائے گا اور اگر ڈرائیورس خلاف ورزیوں کی ایک تاریخ رکھتے ہیں تو گاڑیوں کا رجسٹریشن نہیں کیا جائے گا۔

MINISTERS - ROADS:

وزیر مال پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ آنے والے مانسون سے پہلے کھمم ضلع کے ایڈولا پورم بلدی علاقہ میں سڑکوں کے کام مکمل کریں۔ وزیر نے آج ایڈولا پورم بلدی علاقہ کا دورہ کیا اور 10 کروڑ روپے مالیت کے ترقیاتی کاموں کے لئے سنگ بنیاد رکھا۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ عوام کی ضرورتوں کے مطابق اضافی سڑکوں کی تعمیر کی تجویزیں پیش کریں۔

Cricket

سن رائزرس حیدرآباد نے حیدرآباد کے اپل اسٹیڈیم میں کھیلے جانے والے آئی پی ایل میچ میں راجستھان رائلز کیلئے 287 رنس کا نشانہ رکھا۔ سن رائزرس نے مقررہ 20 اوورس میں 6 وکٹ کے نقصان سے 286 رنس بنائے۔ ایشان کشن نے 47 گیندوں میں 106 رنس کے ساتھ ناٹ آؤٹ سنچری بنائی۔

☆☆